11186 ـ اللہ تعالی کے اسم " الواسع " کا معنی

سوال

اللہ تعالی کے اسم " الواسع " کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ وتعالی واسع ہے وہ ساری مخلوق کو کفایت اور فضل وکرم اور تدبیر کرنے کے اعتبار سے واسع ، اور اللہ تعالی غنی ہے جس کا رزق اس کی ساری مخلوق کے لئے وسیع ہے تو آپ کوکوئ بھی ایسا نہیں ملے گا جو اس کا دیا ہوارزق نہ کھاتا ہواور نہ کسی کے اندر اتنی طاقت ہے کہ وہ اس کے دیئے ہوئے رزق کے علاوہ کچھ کھا سکے ۔

اس کی رحمت ہرچیز کووسیع اوراس کا غناء ہرقسم کے فقر کووسیع ہے ، اللہ تعالی کی عطاء بہت ھی زیادہ ہے جواس سے مانگاجائے اسے وسیع ہے ، اور وہ ہرچیزپر محیط ہے جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے :

اس کا علم ہرچیزپر حاوی ہے طہ (98)

تورواسع ایسے معنی کومتضمن ہے جوکہ الغنی میں نہیں پایاجاتا، اس لئے کہ یہ کہا جاتا ہے : واسع الفضل اس کا فضل بڑا وسیع ہے اور واسع الرحمۃ اس کی رحمت بڑي وسیع ہے ، اوراس کی رحمت ہرچیز کوعام اوراس کے علم نے ہرچیز کواپنے احاطہ میں لیا ہوا ہے ۔

فرمان باری تعالی ہے :

اے ہمارے رب تو نے ہرچیزکواپنی رحمت اورعلم سے گھیررکھا ہے غافر (7)

اوریہ اسم اس یہ اعتراف بھی کرواتا ہے کہ اللہ تعالی کوکوئ چیزبھی عاجز نہیں کرسکتی اورنہ ہی اس پر کوئ چیز مخفی رہ سکتی ہے ، اور وہ اللہ عزوجل کثیر القدرت اور اس کی معلومات بھی بہت زیادہ ہیں ۔

اللہ تعالی بہت واسع صفات و حمد اس کے متعلقات والا ہے ، وہ اس طرح کہ اس کی حمدوثنا کا کوئ شمار نہیں کرسکتا ، بلکہ اس کی حمدوثنا تو ایسے ہی ہے جس طرح اس نے اپنی ثنا بیان کی ہے ، اس کی عظمت وسیع ہے اور رہ واسع فضل و احسان والا ہے اوروہ عظیم کرم سخاوت والا ہے ۔ .